خالد اسحاق

ستمبر ۲۰۱۱

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

Scanned with CamScanner

محبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت فاطمہ بنت خطاب بن نفیل رضی اللہ عنہا

ان صفحات کو ان محبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے بسر ہوئی۔

علامہ ابن اثیر رحمۃ اللہ نے ''اسد الغابہ'' میں سیدہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا سلسلہ نسبت یوں درج کیا ہے۔

فاطمہؓ دختر خطاب بن نفیل بن عبدالعزی قریشہ عدویہ۔

حضرت فاطمہؓ کی پہچان کا ایک بڑا حوالہ یہ ہے کہ یہ حضرت عمرؓ کی بہن تھیں جبکہ آپؓ کا نکاح سعید بن زید سے عمل پایا تھا ام جمیل آپ کی کنیت تھی۔ حضرت فاطمہؓ اور سعیدؓ بن زید ان دس خوش نصیب شخصیات میں سے ہیں جنہوں نے اول اول اسلام قبول کیا۔ بعد ازاں یہی پیاری بہن اپنے بھائی عمرؓ کے اسلام لانے کی وجہ بنیں جذبہ ایمانی اور آنحضور ﷺ سے محبت اس حد تک تھی کہ عورت ہونے کے باوجود بڑے بڑے صحابہؓ آپؓ کی کہی ہوئی بات پر یقین کرتے راز داری اور اعتماد کی فضا آپس میں قائم رہتی۔

حضرت فاطمہؓ بنت خطاب وہ خوش قسمت خاتون تھیں جنہوں نے تبلیغ کے ابتدائی دور میں ہی اسلام قبول کر لیا تھا۔ یہی نہیں بلکہ آپؓ کے شوہر حضرت سعیدؓ بن زید نے آپ کے ساتھ ہی اسلام قبول کر لیا تھا۔ خود حضرت سعیدؓ بن زید بھی ایک ایسے جلیل القدر صحابیؓ تھے جنہیں دنیا ہی میں جنت کی خوش خبری سے نواز دیا گیا تھا۔ یعنی حضرت سعیدؓ کا شمار عشرہ مبشرہ میں ہوتا ہے۔ بہر حال حضرت سعیدؓ اور حضرت فاطمہؓ نے جس وقت اسلام قبول کیا ان سے پہلے صرف گنتی کے چند سعید الفطرت اصحاب مشرف بہ اسلام ہوئے تھے۔ بعض روایتوں کے مطابق ان دو افراد سے پہلے صرف چھبیس آدمی ایمان لائے تھے اور حضرت فاطمہؓ ستائیسویں اور حضرت سعیدؓ اٹھائیسویں مسلمان تھے۔ اس طرح دونوں میاں بیوی کو السابقون الاولون میں بھی امتیازی حیثیت حاصل ہے۔ لیکن اس کے باوجود قابل حیرت واقعہ یہ ہے کہ جس زمانے میں حضرت فاطمہؓ دین اسلام کی محبت میں پورا ڈوب چکی تھیں۔ ان کے نامور بھائی عمرؓ بن الخطاب دین حق کی مخالف میں پیش پیش تھے اور پھر وہ دن بھی آیا جب حضرت فاطمہؓ کے استقلال اور دین سے محبت نے عمر بن الخطاب سے ''فاروق اعظمؓ'' بنا دیا۔

حضرت عمرؓ کے قبول اسلام کے واقعہ کا خلاصہ یہ ہے کہ بعثت کے چھٹے سال ایک دن حضرت عمرؓ علی الصبح شمشیر بدست گھر سے یہ ارادہ کر کے نکلے کہ آج (نعوذ باللہ) حضرت محمد ﷺ کو قتل کر کے ہی چھوڑیں گے۔ ان کے اس ارادہ کے پیچھے کون سے عوامل کارفرما تھے اس بارے میں زیادہ تر یہی تفصیل ملتی ہے کہ جب سرور عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا حمزہؓ دولت ایمان سے بہرور ہوئے تو مشرکین قریش کے پندار پر سخت ضرب لگی۔ پس انہوں نے مشتعل ہو کر ایک مجمع اکٹھا کیا جس میں ابوجہل نے واضح اعلان کیا کہ جو شخص محمد (ﷺ) کو قتل کرے میں اسے سو سرخ اونٹ اور چالیس ہزار درہم نقد بطور انعام دوں گا۔ حضرت عمرؓ بھی اس مجمع میں موجود تھے۔ انہیں انعام کا لالچ تو نہیں تھا لیکن اپنی زور آوری اور طاقت پر بڑا ناز تھا ابوجہل کی اشتعال انگیز تقریر سن کر جوش میں آ گئے اور سب کے سامنے با آواز بلند کہا ''لات وعزیٰ کی قسم جب تک میں محمدؐ کو قتل نہ کر لوں گا، زمین پر نہ بیٹھوں گا''۔

جامع ترمذی میں ہے کہ حضرت حمزہؓ کے قبول اسلام کے بعد سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں شدید خواہش پیدا ہوئی کہ اللہ تعالیٰ قریش کے دو ستونوں یعنی عمرو بن ہشام (ابوجہل) اور عمر بن الخطاب میں سے کسی ایک کو دولت اسلام سے بہرہ یاب کر دے پس آپ ﷺ نے بارگاہ الٰہی میں دعا کی کہ ''الٰہی اسلام کو ابن ہشام یا عمر بن الخطاب سے عزت دے''۔



آپؐ کی اسی دعا کا اثر تھا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عمرؓ بن الخطاب کو اسلام کا دست و بازو بنانے کے لیے چن لیا۔ اس دعا کے دوسرے دن ہی حضرت عمرؓ حضورؐ کو شہید کرنے کا عزم کر کے گھر سے نکلے۔ راستے میں اتفاق سے ان کے قبیلہ بنو عدی کے ایک صاحب حضرت نعیمؓ بن عبداللہ مل گئے۔ وہ خفیہ طور پر اسلام قبول کر چکے تھے۔ حضرت عمرؓ

کو یوں شمشیر بکف دیکھا تو ان سے پوچھا کہ کہاں کا ارادہ ہے اور کیا کرنے جا رہے ہو۔ اس پر حضرت عمرؓ غصے میں بولے ''آج میں اپنے دین سے پھر جانے والے اس شخص کو قتل کرنے جا رہا ہوں جس نے (نبیؐ ہونے کا دعویٰ کر کے) قریش کی جمعیت کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا ہے۔ یہی نہیں بلکہ ہم سب کو احمق قرار دے کر ہمارے معبودوں کی مذمت کی ہے اور ہمارے دین میں کیڑے ڈالے ہیں''۔

اس پر حضرت نعیمؓ بولے: ''عمر! یہ بڑا خطرناک کام ہے، خدا کی قسم تم سخت غلط فہمی میں مبتلا ہو، اگر تم محمدؐ کو قتل کرنے میں کامیاب ہو گئے تو کیا بنو عبد مناف تمہیں زمین پر چلنے پھرنے کے لیے زندہ چھوڑیں گے؟''

حضرت عمرؓ جنہیں اپنی بہادری کا زعم تھا، کہنے لگے'' مجھے کسی کا خوف نہیں ہے معلوم ہوتا ہے کہ تم نے بھی اپنا آبائی مذہب ترک کر کے محمدؐ کا دین اختیار کر لیا ہے کیوں نہ پہلے تمہیں ہی اس کا مزہ چکھا دوں''۔

یہ سن کر حضرت نعیمؓ نے حضرت عمرؓ کو ایسی بات کہی جس سے وہ جوش غضب سے اور بے قرار ہو گئے۔ حضرت نعیمؓ نے کہا'' تم مجھ کو تو بعد میں مزہ چکھانا پہلے اپنے گھر والوں کی تو خبر لو، تمہاری بہن فاطمہؓ اور بہنوئی سعیدؓ بن زید دونوں مسلمان ہو چکے ہیں۔ میری نسبت (مجھے قتل کرنے کی نسبت) تم پر ان کا زیادہ حق ہے''۔

حضرت نعیمؓ کا بے باک بیان سن کر حضرت عمرؓ شدید غصے میں اُٹھے اور سیدھا حضرت فاطمہؓ کے گھر پہنچے۔ وہاں اس وقت حضرت خبابؓ بن الارت بھی موجود تھے۔ ان کے پاس ایک صحیفہ تھا جس میں سورہ طٰہٰ لکھی ہوئی تھی۔ وہ دروازہ اندر سے بند کر کے حضرت فاطمہؓ اور ان کے شوہر حضرت سعیدؓ کو اس کی تعلیم دے رہے تھے۔ حضرت عمرؓ نے باہر سے ان کی آواز سن لی اور دروازہ زور زور سے کھٹکھٹانا شروع کر دیا۔ حضرت فاطمہؓ فوراً سمجھ گئیں کہ یہ ان کے بھائی عمرؓ ہیں۔ انہوں نے خبابؓ کو گھر کے پچھلے حصے میں چھپا دیا اور قرآن پاک کے اجزاء کو سمیٹ کر دروازہ کھول دیا۔

حضرت عمرؓ جو پہلے ہی معاملے کی نوعیت سے واقف تھے، آگے بڑھے اور استفسار کیا کہ چھپ چھپ کر کیا پڑھا جا رہا تھا۔ اولاً دونوں میاں بیوی نے انکار کیا اور حقیقت کو چھپانے کی کوشش کی لیکن حضرت عمرؓ جو خود اپنے کانوں سے تلاوت کی آواز سن چکے تھے، حضرت فاطمہؓ کے یہ کہنے پر کہ بھائی تمہیں دھوکا ہوا ہے تم نے کچھ نہیں سنا، بولے:-

''نہیں میں نے سنا ہے، خدا کی قسم میں سن چکا ہوں کہ تم دونوں نے محمدؐ کا دین اختیار کر لیا ہے''۔

اتنا کہہ کر حضرت عمرؓ نے اپنے بہنوئی سعیدؓ کو مارنا پیٹنا شروع کر دیا۔ حضرت فاطمہؓ شوہر کو بچانے اٹھیں تو انہیں بھی مارنا شروع کر دیا۔ اسی حالت میں جب دونوں بیوی اور شوہر زخموں سے چور لہولہان تھے نے بالآخر اعتراف کیا کہ جو اس نے سنا ہے وہ بالکل سچ ہے۔ کہنے لگے'' ہاں ہم نے اسلام قبول کر لیا ہے، اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ پر ایمان لے آئے ہیں تم جو کر سکتے ہو کر لو، دین حق کو ہم کبھی نہیں چھوڑ سکتے''۔

لہولہان بہن کی زبان سے یہ الفاظ سن کر حضرت عمرؓ مبہوت ہو کر رہ گئے اور ان کا غصہ ندامت میں بدل گیا۔ کیونکہ وہ جان چکے تھے کہ اتنی تکلیف سہہ چکنے کے بعد بھی اگر کوئی فرد اپنے کہے سے باز نہیں آ رہا تو یقیناً وہ حق پر ہی ہوگا۔ بہرحال آپؓ کے دل کی دنیا کو آگے چل کر جس طرح بدلنا اور پھلنا پھولنا تھا اس کا بیج حضرت فاطمہؓ کے بے خوف بیان نے ڈال دیا تھا۔ بہن کے منہ سے یہ الفاظ سن کر آپ کچھ دیر خاموش رہے۔ پھر بولے ''اچھا تو جو کچھ تم پڑھ رہے تھے مجھے بھی دکھاؤ'' حضرت فاطمہؓ نے اپنے جسم سے خون صاف کیا اور بعد از وضو کلام اللہ کے اوراق نکالے اور پھر بڑے احترام اور محبت سے سورہ طٰہٰ کی تلاوت شروع کر دی۔

ترجمہ: **طٰہٰ۔ نہیں اُتارا ہم نے آپ پر یہ قرآن کہ آپ مشقت میں پڑیں بلکہ یہ نصیحت ہے اس کے واسطے جو اپنے رب سے ڈرتا ہے۔ یہ اُتارا گیا ہے اس ذات کی طرف سے جس نے پیدا کیا زمین کو اور بلند کیا آسمانوں کو وہ بے حد مہربان تخت پر متمکن ہوا''**۔

یہ کلام اللہ کا اثر تھا کہ حضرت عمرؓ مسلسل سنتے چلے گئے پس جوں جوں حضرت فاطمہؓ پڑھتی جاتیں حضرت

باقی صفحہ نمبر 32 پر......

نازراٹھور

ستمبر 2011 کے مؤثر عملیات نظرات کواکب

راہنمائے عملیات میں دیا کوئی بھی نقش وعمل تیار کرنے سے قبل ان ہدایات کو بغور پڑھ لیں۔

غلط طرز عمل: راہنمائے عملیات میں درج تمام اعمال استفادہ قارئین کے لیے شائع کیے جاتے ہیں، ان کا غلط استعمال کرنے والا نتائج کا خود ذمہ دار ہوگا۔

اوقات: ان صفحات میں نظرات کے جو اوقات درج ہیں ان میں کسی شہر کے لیے کچھ جمع تفریق کرنے کی ضرورت نہیں۔ ان اوقات کے مطابق کام کریں۔ ہاں ساعت کے اوقات ہر شہر کیلیے فرق ہوں گے۔ سو اس کا لحاظ رکھیں۔

رجال الغیب: عملیات میں خیال کیا جاتا ہے کہ رجال الغیب حرکت کرتے ہیں اور اس وجہ سے ان کی سمت تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ سو جب عمل کرنے بیٹھیں تو ان کی طرف منہ کر کے سلام کریں (اسلام علیکم یا رجال الغیب) اور پھر ان کی طرف پشت کر کے عمل تحریر کریں۔ ذیل میں تحریر ہے کن تاریخوں میں یہ کس سمت ہوتے ہیں۔ مشرق-۷-۱۴-۲۲-۱۹ شمال مشرق-۶-۲۱-۲۸ شمال-۸- ۱۵-۲۳-۳۰ شمال مغرب-۵- ۱۳-۲۰ مغرب-۴-۱۲- ۱۹-۲۷ جنوب مغرب-۲-۱۰- ۱۷-۲۵ جنوب مشرق-۱-۹-۱۶-۲۴۔ تاہم یہ کوئی حتمی حکم نہیں۔ آپ کعبہ کی سمت بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ میرے ذاتی خیال میں یہ زیادہ معتبر، موثر اور ایمان کے نزدیک ہے۔ مسلمانوں کا اصل روحانی قبلہ کعبۃ اللہ ہے۔

حصار: عمومی اعمال کے دوران حصار کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین دفعہ درود شریف پڑھیں اور پھر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور پھر تین دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر اچھی طرح پھونک لیں اور اپنے اردگرد جتنے حصے میں دوران عمل آپ نے حرکت کرنی ہے، دائرہ بنا لیں۔ یہ دائرہ سادہ انگلی پھیرنے یا لوہے کی نوک دار شے سے بھی بنا سکتے ہیں۔

صلوۃ حاجت: عمل شروع کرنے سے قبل اور بعد میں دو رکعت صلوۃ حاجت ادا کریں اور حصول مقصد کے لیے صدق دل سے دعا کریں۔

صدقہ: نقش لکھنے کے بعد صدقہ ضرور دیں۔ ہر عمل کا صدقہ الگ دیں، ورنہ رجعت کا امکان رہتا ہے۔ صدقہ کا بندوبست نقش لکھنے سے قبل کریں۔ ایک دفعہ رجعت ہو جائے تو علاج مشکل ہوتا ہے اور کافی تکلیف اور پریشانی اٹھانا پڑتی ہے۔ گنجائش کے مطابق مرغ وغیرہ یا چاول یا اناج بطور صدقہ دے دیں۔

سیاہی: سعد کاموں کے لیے نقش زعفران سے تحریر کریں اور قلم کسی میٹھے پھل دار پودے کی شاخ کا بنا لیں۔ نحس کاموں کے لیے نقش کالی سیاہی سے تحریر کریں اور قلم لوہے کی نب والا لے لیں۔

بخور: سعد مقاصد کے لیے زعفران اور برادہ صندل کا بخور جلا لیں۔ نحس مقاصد کے لیے رال اور کالی مرچ کا بخور جلائیں۔

لباس: نقش لکھتے وقت کپڑے اور جو بھی دیگر لباس ہو، پاک صاف ہوں، لازم دھیان رکھیں۔

چال: نقوش کے ہمراہ چال بھی درج ہے۔ سو ہر نقش بمطابق چال تحریر کریں۔ وہ تمام نقوش جو چال کے مطابق نہیں ہوتے ان کے موثر ہونے میں شبہ ہے۔ بلا چال نقش غلط اور اُصول عملیات کے خلاف ہے۔ نقش ہمیشہ چال کے مطابق لکھنا چاہیے۔

اثر نظر: نظر بنانے والا کوکب رجعت یا کمزور حالت میں ہو تو نظر کا اثر قوی نہیں ہوتا۔ اس حوالے سے نظرات کے موثر ہونے یا نہ ہونے والا مضمون پڑھ لیں، کافی راہنمائی ملے گی۔

اجازت: راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کو اپنی ذات کے لیے یہ عمل تیار کرنے کی مکمل اجازت ہے۔ تاہم یاد رکھیں، بے مقصد، تجرباتی، دوسرے افراد کے لیے اور بامقدار کثیر نقوش تیار کرنے سے رجعت ہو سکتی ہے۔

مزید معلومات اور حصول علم کے لیے بانی ادارہ خالد اسحاق راٹھور کی عملیات کے موضوع پر شائع شدہ کتب جن کی تفصیل اس میگزین کے آخر میں دی گئی ہے کا مطالعہ کریں۔ خاص طور پر "اُصول وقواعد عملیات" ایک راہنما کتاب ہے۔ اللہ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔ آمین۔

عمرہ کی سعادت کا حصول

شمس تثلیث مشتری

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	02-09-2011	03-09-2011	04-09-2011
وقت	08-29	09-00	09-25

عمرہ وحج کی سعادت کا حصول بہت سے لوگوں کی زندگی کا مقصد ہوتا ہے اور اُسی کی تکمیل زندگی میں باعث راحت کا سبب ہوتی ہے۔ بہت سے لوگ استطاعت رکھنے کے باوجود بھی کسی نہ کسی انجانی رکاوٹ کے باعث یہ خوشی حاصل نہیں کر پاتے۔ اِسی لیے خاص طور پر راہنمائے عملیات کے لیے یہ عمل تحریر کیا جا رہا ہے تاکہ آپ عمرہ کی سعادت حاصل کر سکیں اور مسلسل حائل ہونے والی رکاوٹیں دور ہو سکیں۔

شروع میں دی گئی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے نقوش تیار کریں۔ آبی نقش کو روز صبح بعد نماز فجر باوضو ہو کر پانی میں حل کر کے پئیں۔ بادی نقش کو تیار کر کے بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ جلد آپ عمرہ کی سعادت حاصل کریں گے۔

آبی چال

١٤	١	٨	١١
٧	١٢	١٣	٢
٩	٦	٣	١٦
٤	١٥	١٠	٥

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

٣٦٨	٣٥٤	٣٦٢	٣٦٥
٣٦١	٣٦٦	٣٦٧	٣٥٥
٣٦٣	٣٦٠	٣٥٦	٣٧٠
٣٥٧	٣٦٩	٣٦٤	٣٥٩

یااللہ یااللہ

بادی چال

١١	٨	١	١٤
٢	١٣	١٢	٧
١٦	٣	٦	٩
٥	١٠	١٥	٤

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

٣٦٥	٣٦٢	٣٥٤	٣٦٨
٣٥٥	٣٦٧	٣٦٦	٣٦١
٣٧٠	٣٥٦	٣٦٠	٣٦٣
٣٥٩	٣٦٤	٣٦٩	٣٥٧

یااللہ یااللہ

قوت فیصلہ کا حصول

عطارد تثلیث پلوٹو

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	11-09-2011	12-09-2011	13-09-2011
وقت	20-24	10-25	00-14

سوچ سمجھ کر کسی فیصلے پر پہنچنا مسئلے کے حل کے لیے بہت ضروری ہوتا ہے۔ اور اگر صرف سوچ و بچار پر وقت گزار کر بھی کسی فیصلے پر نہ پہنچا جا سکے تو مسائل مزید اُلجھ جاتے ہیں۔ فیصلے کا صحیح ہونا یا غلط ایک علیحدہ بات ہے مگر اکثر لوگ کوئی فیصلہ کر ہی نہیں پاتے یا اگر کر لیتے بھی ہیں تو ہر پل اُسے بدلتے رہتے ہیں جو کہ کسی بھی سمت کو ظاہر نہیں کرتا بس خود اعتمادی کی کمزوری اور پریشانیوں کو ظاہر کرتا ہے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ اپنے فیصلے خود لے سکیں اور خود اعتمادی پیدا ہو تو اس تحریر کیے گئے عمل کا استعمال کر سکتے ہیں۔ آبی نقش تعداد میں دو تحریر کریں۔ ایک کو جس پر عمل مطلوب ہو کے استعمال شدہ کپڑے میں لپیٹ کر دریا میں بہا دیں۔ دوسرے نقش کو میٹھے پانی میں حل کر کے بعد نماز مغرب اول و آخر درود شریف پڑھ کر پئیں۔

آبی چال

١٤	١	٨	١١
٧	١٢	١٣	٢
٩	٦	٣	١٦
٤	١٥	١٠	٥

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

١٩٥	١٨١	١٨٩	١٩٢
١٨٨	١٩٣	١٩٤	١٨٢
١٩٠	١٨٧	١٨٣	١٩٧
١٨٤	١٩٦	١٩١	١٨٦

یااللہ یااللہ

اقتدار چھیننا

شمس مقابلہ یورانس

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	25-09-2011	26-09-2011	27-09-2011
وقت	05-44	05-15	04-46

اقتدار یا طاقت کا مزہ ایسا ہوتا ہے جو ایک دفعہ لگ جائے تو پھر چھوٹتا نہیں۔ مگر یہ چیزیں بھی وقت کے ساتھ ختم ہو جاتی ہیں یا ختم کی جا سکتی ہیں۔ تحریر کیے گئے عمل کے استعمال سے کسی کو اعلیٰ رتبے سے گرا سکتے یا اقتدار کو چھین سکتے ہیں۔

آتشی نقش کو تیار کر کے جس پر عمل مطلوب ہو کے بال یا ناخن کے ساتھ کسی قبرستان میں جلائیں اور راکھ خاکی نقش میں لپیٹ کر اُس کے گھر کے باہر دفنا دیں۔

آتشی چال

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

٤٠٦	٤٠٩	٤١٣	٣٩٩
٤١٢	٤٠٠	٤٠٥	٤١٠
٤٠١	٤١٥	٤٠٧	٤٠٤
٤٠٨	٤٠٣	٤٠٢	٤١٤

یااللہ یااللہ

خاکی چال

١	١٤	١١	٨
١٢	٧	٢	١٣

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

٣٩٩	٤١٣	٤٠٩	٤٠٦
٤١٠	٤٠٥	٤٠٠	٤١٢

۳	۱۲	۹	۶	۴۰۱	۴۱۵	۴۰۷	۴۰۴
۱۰	۵	۴	۱۵	۴۰۸	۴۰۳	۴۰۲	۴۱۴

یااللہ یااللہ

روزگار کا حصول

عطارد قران شمس

	ابتداءنظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	27-09-2011	29-09-2011	30-09-2011
وقت	19-50	01-16	07-22

روزگار کا حصول تعلیم ہوتے ہوئے بھی بہت مشکل ہوتا چلا جا رہا ہے اور ایک طرح سے صرف قسمت پر منحصر ہو کر رہ گیا ہے۔ اگر آپ بھی روزگار کے لیے پریشان ہیں اور مشکلات کو دور کرنا چاہتے ہیں تو اس عمل کا استعمال ضرور کریں۔

بادی نقش کو تیار کر کے اپنے پرس میں رکھ لیں کہ وہ ہر وقت خاص طور پر انٹرویو کے دوران آپ کے پاس ہو۔ خاکی نقش کو استعمال شدہ کپڑے میں لپیٹ کر ہرے بھرے درخت کے نیچے دفنا دیں۔

بادی چال — یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

۵۲۱ح	۵۰۷	۵۱۵	۵۱۸
۵۱۴	۵۱۹	۵۲۰	۵۰۸
۵۱۶	۵۱۳	۵۰۹	۵۲۳
۵۱۰	۵۲۲	۵۱۷	۵۱۲

یااللہ یااللہ

آبی چال — یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش

۵۱۵	۵۱۸	۵۲۱	۵۰۷
۵۲۰	۵۰۸	۵۱۴	۵۱۹
۵۰۹	۵۲۳	۵۱۶	۵۱۳
۵۱۷	۵۱۲	۵۱۰	۵۲۲

یااللہ یااللہ

جسمانی صحت کا حصول

شمس تسدیس مریخ

	ابتداءنظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	27-09-2011	30-09-2011	03-10-2011
وقت	21-19	11-44	01-15

وہ بچے یا لوگ جن کو اکثر چوٹ لگتی رہتی ہے اور کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا رہتے ہیں کے لیے تحریر کیا جا رہا عمل مناسب ہے۔ اس کے استعمال سے جسمانی طور پر تندرست اور توانا ہو جائیں گے۔ روز لگنے والی چوٹوں سے بھی نجات مل جائے گی۔ آبی نقش کو دریا کے پانی میں حل کر کے جس پر عمل مطلوب ہو کے کمرے میں پانی کا چھڑکاؤ کریں۔ بادی نقش کو اُس کے تکیے کے نیچے رکھ دیں۔ انشاءاللہ جلد مثبت تبدیلی رونما ہونے لگے گی۔

آبی چال — یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

۱۳۲	۱۲۹	۱۲۲	۱۳۶
۱۲۳	۱۳۵	۱۳۳	۱۲۸
۱۳۸	۱۲۴	۱۲۷	۱۳۰
۱۲۶	۱۳۱	۱۳۷	۱۲۵

یااللہ یااللہ

بادی چال — یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

۱۳۶	۱۲۲	۱۲۹	۱۳۲
۱۲۸	۱۳۳	۱۳۵	۱۲۳
۱۳۰	۱۲۷	۱۲۴	۱۳۸
۱۲۵	۱۳۷	۱۳۱	۱۲۶

یااللہ یااللہ

شرفِ زحل

تحریر و تحقیق:
عبدالباسط راٹھور
اور عبدالحئی راٹھور

تحت الشعاع اور ذاتیات

پچھلے کچھ عرصے سے تحت الشعاع کا موضوع زیر بحث چلا آ رہا ہے۔ موضوع کے حوالے سے کسی بھی فرد کا جو بھی نقطہ نظر فنی لحاظ سے ہو وہ اپنی ایک اہمیت رکھتا ہے۔ تاہم اس ساری بحث میں دیکھا گیا کہ نجوم اور نجومی باریکیوں کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کی ذات کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ حالانکہ چاہیے یہ تھا کہ ایک دوسرے کی پگڑی اُچھالنے کی بجائے، موضوع پر زیادہ سے زیادہ حوالہ جات اور فنی باریکیوں پر بحث کی جاتی اور صرف ذاتی نقطہ نظر کو درست ثابت کرنے کی بجائے وسیع تر تناظر میں موضوع کو جانچا جاتا۔

حقیقی سمجھ

بات کچھ بھی نہیں اور بات بہت بڑی بھی ہے۔ سارے زمانے کی کتابوں کا ذخیرہ ہونا اور بات ہے، کتابوں کو پڑھنا اور بات ہے، کتابوں کو پڑھنے کے بعد ہضم کرنا اور بات ہے اور ہضم کرنے کے بعد اُگلنا کچھ اور ہی بات ہے۔

تحت الشعاع، ایک عجوبہ؟

تحت الشعاع کا موضوع جب سے زیر بحث ہے بہت سے نامور ماہرین نجوم نے اپنی اپنی آراء کا اظہار کیا ہے۔ کئی لوگوں کے طرز بیان سے یوں محسوس ہوتا ہے کہ تحت الشعاع کوئی نئی اور خطرناک ایٹمی قسم کی دریافت ہے۔ جس طرح اس موضوع کو لے کر اچھالا جا رہا ہے یوں لگتا ہے نجوم و عملیات کی تاریخ میں اور خاص طور پر پاکستان کے رسائل و جرائد اور ماہرین کو اس سے پہلے اس کواکبی حالت کا ادراک نہ تھا اور آج تک جو عملیات شرف و ہبوط اور نظرات کواکب اور دیگر کواکبی حالتوں کے مدنظر بنائے گئے کبھی ان اوقات کے دوران تحت الشعاع کا واقع رونما نہیں ہوا۔ حالانکہ یہ ایک ایسی فلکیاتی حقیقت ہے جو اکثر اوقات دیکھی جا سکتی ہے۔ لیکن آج سے پہلے کسی فرد نے اس شدت اور جذباتی رویہ کے ساتھ اس کو زیر بحث لانا مناسب خیال نہ کیا۔ کیا یہ اچانک دریافت ہے یا کچھ اور؟ ذرا سوچیں!

ادارہ "راہنمائے عملیات" کا موقف

اس سے پہلے کہ اس موضوع پر ایک جامع علمی اور فنی بحث کی جائے، بہتر ہوگا کہ ادارہ "راہنمائے عملیات" کا موقف جو دراصل ہم دونوں بھائیوں کا موقف ہے جسے بانی ادارہ والد محترم خالد اسحٰق راٹھور کی مکمل تائید اور راہنمائی حاصل ہے بیان کر دیا جائے تاہم جب علمی اور فنی حوالے آگے آنے والی بحث میں دیئے جائیں گے تو ادارے کا موقف اللہ کی مہربانی سے آپ پر خود واضح ہوتا چلا جائے گا۔ سطور ذیل میں ادارہ کا موقف بیان کیا جاتا ہے اور پھر اس حوالے سے قدیم ماہرین کی وہ تحقیق آپ کے سامنے لائی جائے گی جو آپ کو علمی حوالے سے غیر معمولی معلومات دینے کے ساتھ ساتھ حقائق سے بھی متعارف کرائے گی۔

"زحل تحت الشعاع کے وقت حالت شرف میں ہے، اس شرفی قوت کے باعث یہ تحت الشعاع سے متاثر نہیں ہوگا"۔

موضوع بحث

موضوع کو کوزے میں بند کریں تو ساری بحث ایک بے بنیاد نظریہ کو لے کر کی جا رہی ہے کہ زحل بوقت شرف تحت الشعاع ہوگا؟ اس سے شرف زحل بلحاظ طاقت باقی نہیں رہتا؟ یعنی وہ شرفی درجے پر پہنچنے کے باوجود شرفی قوت کے عروج پر نہیں ہوگا؟ اس حوالے سے ادارہ "راہنمائے عملیات" کی

طرف سے مختلف ماہرین نجوم کو خطوط تحریر کیے گئے کہ وہ مندرجہ ذیل سوالات کو مدنظر رکھ کر شرف زحل اور تحت الشعاع کے حوالے سے اپنا نقطہ نظر ارسال کریں۔ سو آگے بڑھنے سے پہلے اِن سوالات کے جوابات جو ہمارے نکتہ نظر سے تحریر کیے جا رہے ہیں۔

13 سوالات اور اِن کے جوابات

سوال	جواب
شرف زحل کے خلاف تنقید نجومی تکنیکی لحاظ سے کس طرح درست ہیں، یعنی چندلوگوں نے جو اعتراض اٹھائے ہیں، عملی طور پر اِن میں کیا قوت ہے؟	جاری شرف زحل کے خلاف تنقیدی بحث بلا بنیاد ہے اور جہاں تک تکنیکی حوالے کا تعلق ہے شرف زحل اور تحت الشعاع کے موضوع کا ایک خاص نکتہ نظر سے جائزہ لیا گیا اور اہم امور اور ایسے اُصول و قواعد نجوم جو شرف زحل کے تحت الشعاع سے متاثر ہونے کو غلط مانتے ہیں وہ بیان ہی نہیں کیے گئے یا یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ اِن نکتہ چین افراد کی رسائی اس مواد تک نہ ہوئی یا نہ ہے۔ یا اصل بات جانتے ہوئے کسی وجہ سے حقائق سے صرف نظر کیا گیا۔ اس حوالے سے مکمل بحث اگلے صفحات میں پڑھ سکیں گے۔
کیا احتراق، تحت الشعاع وغیرہ کے تحت بالکل ہی عمل تیار نہیں ہو سکتا یا کچھ گنجائش ہے؟	تحت الشعاع کی ہر حالت میں عملیات تیار ہو سکتے ہیں۔ تاہم اِن کا انحصار نوعیت عمل اور عامل کی علمی سطح پر منحصر ہے۔
احتراق اور تحت الشعاع کتنے درجوں پر ہوتا ہے؟ اور کیا یہ واقعی زائچہ کو تباہ کر دیتا ہے؟ اور کوئی عمل تیار نہیں ہو سکتا؟	درجات کا بیان آگے ہے۔ باقی جواب اوپر والا ہے۔
کیا نظرات زحل کے اعمال تکنیکی لحاظ سے شرف زحل سے قوی ہوتے ہیں؟	نظرات زحل ہوں یا کوئی اور کواکبی حالت، اس کے اعمال شرف زحل سے بہتر اور قوی نہیں ہو سکتے۔ شرف زحل ایک خاص طاقت اور وقت کا مظہر ہے۔ جو کسی نظر سے وجود نہیں پا سکتا۔ پھر دوسری اہم بات صاحب دانش و علم کے لیے ہے کہ نظرات کواکب کے اعمال دو کواکب کے باہمی اثرات کے ملاپ سے وجود میں آئے ہیں اور اِن کا حکم انفرادی کوکب سے فرق ہوتا ہے۔ پھر کواکب کی نشست وغیرہ بھی اِن کے اصل احکام میں تبدیلی کا باعث بنتی ہے۔ سو جو مقاصد شرف زحل کے تحت حاصل ہو سکتے ہیں وہ کسی اور کواکبی حالت سے برآمد نہیں ہوتے۔ شرف زحل کے اور احکام ہوں گے اور نظرات کواکب کے اور۔ دونوں میں فرق ہے اور رہے گا۔ جو نظرات کے تحت تیار کردہ اعمال کو شرف زحل کا بدل کہتے ہیں علمی اور فنی حوالے سے کمزور بات کرتے ہیں۔
کیا عکس شرف بالعکس اور عکس زحل وغیرہ کا فلسفہ ٹھیک ہے؟ اور اگر یہ فلسفہ ٹھیک ہے تو کیا اُس کی کوئی سند ہے۔ کیا آپ کسی ایسے عظیم فرد کی نشان دہی کر سکتے ہیں جس نے زمانہ قدیم میں اُس کا استعمال کیا ہو۔	عکس شرف اور عکس زحل کا نظریہ بالکل نیا اور باطل ہے۔ زمانہ قدیم کے کسی ماہر نے ایسی کوئی بات کبھی نہ اشارہ کیا پھر اہم بات یہ ہے کہ جب شرف زحل موثر ہے تو کوئی بھی دیگر حالت اس کا کس طرح مقابلہ کر سکتی ہے۔ اس بات کو یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ شرف کے ہوتے ہی کس طرح زحل کی طرف سعادت سے نحوست کی طرف جاتا ہے۔
کیا اس صورت حال میں شرف زحل کے خلاف جو لوگ ہیں کیا وہ شرف زحل سے بہرحال مفاد اُٹھانے کے لیے اعمال شرف زحل کو مختلف نام دے کر تیار کر رہے ہیں؟	دیکھیں ہم یہ نہیں کہتے کہ سب لوگوں کی نیت خراب ہے۔ ممکن ہے وہ کم علمی کے باعث ایک غلط فیصلہ پر پہنچے ہوں اور یہ بھی ممکن ہے کہ کچھ لوگ اس فساد کا فائدہ اُٹھا کر تجارتی حوالے سے اس کو اپنی ذات کے لیے منافع بخش بنانا چاہ رہے ہوں کہ اِن کا موقف درست ہے سو لوگ اِن سے رجوع کریں، حالانکہ ایسے لوگوں نے نجوم کی اصل کو چھوڑ دیا۔ یہ بات آگے آنے والا دلائل سے ثابت ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

کیونکہ اُن کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ صرف یہ چند ایک لوگ، درست اوقات سے آگاہ ہیں۔	قطعی غلط بات ہے۔ خاص طور پر جب موجودہ شرف زحل موثر باعمل ہے۔ باقی جواب اوپر والا ہے۔
نجوم میں حسابی طاقت بھی کواکب کی استخراج کی جاتی ہے۔ اس کے تحت زحل کی کیا پوزیشن ہے؟	حسابی لحاظ سے شرف زحل کے وقت اس کی طاقت اچھی ہے۔ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔
کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ آپ کو پہلی رائے میں کچھ تبدیلی یا بہتری کی ضرورت ہے۔ یعنی اب آپ کی سوچ عملی اور فنی لحاظ سے یہ خیال کرتی ہے کہ تحت الشعاع کے موضوع کو بعض لوگوں نے ضرورت سے زیادہ اچھال دیا ہے اور بے مقصد طرف لے گئے ہیں؟ اور اس کو درست سمت دینی چاہیے۔	ادارہ راہنمائے عملیات کی پہلی رائے علمی بنیاد پر تھی سو اس میں تبدیلی یا اصلاح کا سوال ہی نہیں۔ ہاں ہماری دعوت ہے اور یہ دعوت اُن کے لیے ہے جن کے دل اور دماغ عملی اور فنی حوالے سے کچھ سیکھنے کے قائل ہیں وہ اگلے صفحات کو توجہ سے پڑھیں اور علمی ایمان کی روشنی اِن کو اپنے موقف میں تبدیلی کا اشارہ کرے تو یہ اِن کا بڑاپن ہوگا۔ ہم پہلے بھی شرف زحل کے قائل تھے اور اب بھی ہیں اور اگلے صفحات پڑھ کر شرف زحل کے مخالفین بھی اس کے قائل ہو جائیں گے۔ انشاءاللہ۔
کیا تحت الشعاع کا استعمال صرف وقتی نجوم کی حد تک موثر ہے یا عام و پیدائشی زائچے یا عملیاتی شرفی زائچہ میں اس کا کوئی کردار ہے؟	وقتی نجوم میں نسبتاً زیادہ مروج تھا تاہم پیدائشی اور وقتی دونوں میں مروج ہے۔
آپ کے نزدیک ایسے خاص اوقات کا استخراج جس وقت لوگ یہ اعمال تیار کر سکتے ہیں؟ خاص طور پر اگر آپ مسلمہ شرف زحل کو نہیں مانتے تو۔	شرف زحل کے نہ ہونے کی بات ہی غلط ہے سو دیگر کوئی وقت ایسا ہے ہی نہیں جو شرف زحل کی طاقت کا اظہار کرتا ہے۔ یہ مسلمہ اصول ہے کہ شرفی حالت طاقت ورترین ہوتی ہے۔ سو شرف زحل سے فائدہ نہ اٹھانا نا سمجھی اور ایک اہم وقت کا ضیائع ہے۔
کیا اپنے آپ کو ماہرین اور صاحب عمل نجومی ثابت کرنے اور دنیا کے سامنے نام کمانے یا خاص مقصد کے لیے شرف زحل پر تنقید کا سلسلہ شروع کیا اور صرف ایسے افراد کے بیان کردہ نظرات وغیرہ کے اوقات موثر ہیں اور باقی سب کچھ بے کار ہیں۔	ادارہ ''راہنمائے عملیات'' شرف زحل کے حق میں ہے اور کسی نئی اور انہونی پالیسی کا حامی نہیں۔ وہ بھی ایسی جس کی بنیاد کسی فنی امر کی بجائے ایک خیال اور تخیل پر رکھی گئی ہو۔
پاکستان کے مستند اور مانے والے ماہرین قبلہ لیاقت منجم، کراچی، واصف برنی، خالد اسحاق راٹھور اور بہت سے دیگر بھی شرف زحل کے قائل ہیں۔ اس حوالے سے آپ کی کیا رائے ہے۔	ادارہ ''راہنمائے عملیات'' جاری شرف زحل کا قائل ہے اور تفصیلی بحث آگے آئے گی۔

دیگر جوابات

اس حوالے سے چند مضامین موصول ہوئے اور کئی ایک دوستوں نے معذرت کی اور کچھ نے صاف دلی سے اقرار کیا کہ نجوم ان کا میدان نہیں وہ صرف میدان عملیات کے کھلاڑی ہیں۔ ان کی یہ بڑائی تھی کہ انہوں نے حقیقت کا ادراک کیا۔ حالانکہ وہ بھی چند کتابوں کے حوالے دے کر اظہار مہارت کر سکتے تھے، جو انہوں نے نہیں کیا۔ بالیقین آدمی کو ایسا ہی سچا ہونا چاہیے۔

ادارہ ''راہنمائے عملیات'' کو جو مضامین موصول ہوئے ان کو پچھلے ماہ کے شمارے میں بلا کسی ردوبدل کے شائع کیا گیا۔ ماسوائے وہ چند فقرے جو کسی کے نام کے ساتھ کچھ تختی کے ساتھ تحریر کیے گئے تھے، حذف کر دیے گئے۔ تاہم نفس مضمون میں کسی قسم کی ترمیم یا اصلاح نہ کی گئی۔ یہاں تک کہ چند باتیں والد محترم کے حوالے سے نسبتاً سخت الفاظ میں بیان کی گئیں تھیں وہ بھی شائع کر دی گئیں، تاکہ صاحب مضمون مطمئن رہے کہ اس نے جو کچھ تحریر کیا وہ شائع ہوگیا، چاہے برخلاف حقیقت وسچائی تھا۔

اطمینان قلب

اب آیئے اس بات کی طرف کہ ادارہ ''راہنمائے عملیات'' پچھلے سال سے اس موقف پر قائم ہے کہ شرف زحل تحت الشعاع سے متاثر نہیں ہو رہا۔ ظاہری بات ہے کہ ہم دونوں بھائی جو بات بھی کرتے ہیں یا جو کچھ بھی تحریر کرتے ہیں اس کی پشت پر محترم والد جناب خالد اسحاق راٹھو صاحب کی تعلیم اور رائے ضرور ہوتی ہے۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ کیا ادارہ ''راہنمائے عملیات'' زحل کے تحت الشعاع کے مسئلہ کو لے کر ایک واضح اور الگ رائے کیوں رکھتا ہے۔ حالانکہ یہ بھی ممکن تھا کہ کچھ بھی تحریر کرنے کی بجائے یا اس بحث میں داخل ہوئے بغیر بھی صرف یہ کہہ کر شرف زحل کے عملیات تیار کرتے رہتے کہ بھئی تحت الشعاع کا دعوی کرنے والے غلط ہیں اور ہم ٹھیک ہیں۔ لیکن یہ نہ ہمارا مزاج ہے اور نہ ہی والد محترم نے ایسی تربیت دی ہے۔ کسی بھی فنی سوال اور وضاحت کے لیے ہمیں کھلی اجازت ہے۔ سو اپنے موقف کو دل سے درست ماننے کے باوجود خاموشی کا راستہ اختیار نہیں کیا گیا بلکہ فنی حوالے سے راہنمائی کا فریضہ ادا کرنے کے لیے اس موضوع کو کھلے دل کے ساتھ ''راہنمائے عملیات'' کے صفحات میں زیر بحث لایا گیا ہے کہ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر اس موضوع پر صرف عام لوگوں کی ہی نہیں بلکہ اس علم سے تعلق رکھنے والوں کے لیے بھی روشنی کا دروازہ کھولا جائے کہ جس اُلجھن اور غلط فہمی کا وہ شکار ہیں اس کا مداوا کیا جائے۔

کیا ادارہ ''راہنمائے عملیات'' کا مقصد صرف شرف زحل کے وقت سے مالی فائدہ حاصل کرنا ہے یا اس کے پیچھے کچھ ایسی فنی سوچ اور علم ہے جو اس موضوع پر شائع ہونے والے مختلف لوگوں کے متعدد مضامین میں واضح نہ ہو سکی اور سال سے زیادہ طویل عرصے سے چلتی اس بحث کو کرنے والے ان نکات تک پہنچنے کی سعی نہ کر پائے جس کا اشارہ واضح طور پر ادارہ ''راہنمائے عملیات'' نے دیا۔

بہت ابتداء میں والد محترم سے اس موضوع پر گفتگو ہوئی تو کافی فنی نکات سامنے آئے۔ سو قلبی اور فنی طور پر ہم اپنی جگہ پر مطمئن تھے کہ والد محترم نے جو ارشاد فرمایا ہے وہ جذباتی یا مالی منافعت یا دوسروں کو بے وقوف بنانے

ایک ایسا مضمون جو شرف زحل کے حوالے سے پیدا ہونے والی غلط فہمی، علمی اور فنی غلطی کی اصلاح قدیم و مستند ماہرین اور کتب کی مدد منزل بہ منزل خوبصورت انداز میں کر رہا ہے۔

کے حوالے سے نہیں ہے۔ یوں بھی ایک فرد جس نے اپنی ایک عمر علوم کی جستجو میں بسر کی ہو کس طرح ایک ایسی بات کر سکتا ہے جو فنی حوالے سے کوئی وزن نہ رکھتی ہو۔

حصول علم

مشکل یہ ہے کہ حصول علم میں ایک منزل پر اُستاد کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ وہ اُستاد جو آپ کو اور مجھے الف، بے پڑھنا سکھاتا ہے۔ تعلیم کی اعلی ترین ڈگری حاصل کرتے ہوئے وہ ہمارا اُستاد نہیں ہوتا۔ جب کوئی فرد پی ایچ ڈی کرتا ہے تو اس کی راہنمائی کرنے والے اُستاد اپنے شعبوں کے نامی گرامی ماہرین ہوتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ ماہرین فرد کو علم کی انتہائی بلندی پر لے جانے کا باعث نہیں ہوتے، درحقیقت وہ اُستاد جس نے الف، بے پڑھنا اور لکھنا سکھایا ہوتا ہے یہ وہ اُستاد ہوتا ہے جس کی تعلیم انسان کے لیے قبر کی دیواروں تک راہنمائی کا باعث بنتی ہے۔ چاہے زندگی کی منازل طے کرتے ہوئے علم کی اس بلندی پر پہنچ جائے جس پر اس سے پہلے کوئی نہ پہنچا ہو لیکن اصل اور حقیقی اُستاد وہی ہوتا ہے جس نے ایک سمت کا تعین کیا ہوتا ہے۔ ایک ایسا اُستاد اگر آپ کی اور میری زندگی میں اپنا حصہ ادا کر دے تو پھر قبر کی دیواروں تک اس کی یہ راہنمائی ہمیں راہ راست سے بھٹکنے نہیں دیتی چاہے کوئی معاشرتی مسئلہ ہو یا چاہے علم نجوم کا میدان ہو، ایک اُستاد کی حقیقی راہنمائی کے بغیر راستے سے بار بار بھٹکنے کے امکانات سے قطع نظر نہیں کیا جا سکتا۔

درجات تحت الشعاع

''زحل تحت الشعاع کے وقت حالت شرف میں ہے، اس شرفی قوت کے باعث یہ تحت الشعاع سے متاثر نہیں ہوگا''۔

تحت الشعاع کو سمجھنے کے لیے کچھ پیچھے چلتے ہیں۔ تا کہ اس حوالے سے ہونے والی بحث کو بھی سمیٹا جا سکے۔ تحت الشعاع سے مراد تکنیکی لحاظ سے یہ ہے کہ کوئی بھی کوکب جب شمس سے خاص درجاتی فاصلے پر ہو تو وہ اپنی

طاقت کھو دیتا ہے۔ تاہم تحت الشعاع کے درجات کے حوالے سے ماہرین کے درمیان کافی اختلاف ہے کہ کونسا ستارہ شمس سے کتنے درجے پر ہوتو وہ تحت الشعاع ہوگا۔ تاہم اس بارے میں ایک جدول ذیل میں دیا جا رہا ہے جس میں تحت الشعاع کے حوالے سے مختلف کواکب سے منسوب درجات کا بیان ہے۔

کواکب	درجات
قمر	12
مریخ	17
عطارد	14
زہرہ	10
مشتری	11
زحل	16

مندرجہ بالا درجاتی حوالے ہمارے نزدیک حتمی نہیں ہیں کیونکہ اس بارے میں ماہرین میں کافی اختلافت ہیں۔ تاہم یہ درجاتی فاصلہ فی الحال موضوع بحث نہیں اس لیے تفصیل میں جانا اصل مقصد سے ہٹا دے گا۔

حقیقی تحت الشعاع

اگر ہم نجومی لحاظ سے بات کریں تب بھی کوئی ستارہ جب تحت الشعاع کی درجاتی حدود کے قریب آتا ہے تو وہ مکمل طور پر تحت الشعاع کو ظاہر نہیں کرتا۔ فرض کریں مشتری اگر شمس سے 5.5 درجے کے فاصلے پر ہے تو اسے تحت الشعاع مانا جائے گا۔ لیکن نجومی حقیقت یہ ہے کہ اس وقت تحت الشعاع کے وقت کی ابتداء ہوگی اور مشتری کے تحت الشعاع ہونے کے اثرات مکمل طور پر ظاہر نہ ہوں گے۔ یہ بالکل معمولی ہوں گے تاہم جب یہ درجات کم ہوں گے تو شمس اور مشتری کا فاصلہ کم ہوگا اور شمس اور مشتری حالت قران میں آنے لگیں گے اور آئیں گے تو مکمل تحت الشعاع واقع ہوگا۔ یہی وہ مقام ہے جہاں سے گزرنے کے بعد تحت الشعاع کے اثرات میں کمی آنا شروع ہوگی اور اگلے 5.5 درجے طے کرتے کرتے تحت الشعاع کے اثرات آہستہ آہستہ کم ہوتے ہوئے ختم ہو جائیں گے۔

تمام زائچہ پڑھیں

کوئی بھی نجومی یا فلکی پوزیشن ہو اس کو فنی حوالے سے جانچنا از حد ضروری ہوتا ہے۔ قمر کو برج ثور میں شرف ہوتا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ پورے برج کے اندر قمر اس قوت کا حامل ہوگا۔ جو اس کو درجہ شرف یعنی 3 ڈگری پر ملتی ہے۔ اسی طرح قمر برج عقرب میں ہبوط کی حالت میں ہوتا ہے۔ تاہم مکمل مجموعی نحوست صرف عقرب کے 3 درجے تک محدود ہے اس کے بعد پہلے والی بات نہیں رہتی۔ اسی طرح زائچہ کی کوئی نظر ہو، کوئی اور سعادت و نحوست ہو یا کوئی اور اچھائی برائی اس کا ایک حدود اربعہ ہوتا ہے۔ نہ ہی کوئی اچھائی اور نہ ہی کوئی برائی ہر امر پر غالب ہوتی ہے۔ ایک سمجھ دار اور تحمل مزاج ماہر نجوم کے لیے زائچہ میں موجود تمام تر اُمور پر نظر ڈالنے کے بعد فیصلہ کرنے کا موقع بنتا ہے۔ جس طرح تحت الشعاع زحل کو رگڑا جا رہا ہے کیا یہ واقعی درست ہے؟ اس بات کا تفصیلی جواب تو آگے جا کر آئے گا لیکن سوچنے کی بات ہے کیا اس تحت الشعاع میں پیدا ہونے والے تمام بچے بدقسمت ہوں گے یا ان کو زندگی میں کچھ بہتری بھی ملے گی؟ کیونکہ اس مضمون کا واحد مقصد یہ نہیں ہے کہ تحت الشعاع زحل کا جو چرچا کیا جا رہا ہے وہ فنی حوالے سے درست نہیں بلکہ اس مضمون کا ایک بڑا مقصد یہ بھی ہے کہ اگر آپ کو بطور ماہر یا سائل اس قسم کی حقیقی صورت حال سے واسطہ پڑے تو کیا ان ماہرین کے مطابق آپ یا وہ فرد بُرے حال ہی رہے گا یا کچھ بہتری کا بھی امکان ہے؟

تحت الشعاع کے اثرات اور بچاؤ

تحت الشعاع کے اثرات میں کمی بیشی کے حوالے سے ایک بات کی وضاحت تو پچھلے سطور میں کی گئی کہ ابتدائی، مکمل اور اختتامی تحت الشعاع کی تین حالتیں ہیں۔ ان تینوں حالتوں میں شدت سے تحت الشعاع کے حوالے سے فرق ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ درج ذیل کواکبی حالتیں قابل غور امر ہیں اور تحت الشعاع کے اثرات میں کمی اور درست سمت دینے میں مددگار و معاون ہوتی ہیں۔

- کوئی سعد نظر یا قران واقع ہو رہا ہو تو بھی تحت الشعاع کے اثرات میں کمی واقع ہوتی ہے۔
- تحت الشعاع ہونے والے کوکب اور شمس کے باہم تعلق کو مدنظر رکھنا بہت ضروری ہے۔
- تحت الشعاع کا واقعہ کس برج میں ہو رہا ہے، دیکھنا ضروری ہے۔

- یہ واقع زائچہ کے کس گھر میں ہے اور اس گھر کی قوت کیا ہے یہ بھی امر واقع ہے۔
- خاص طور پر زہرہ یا مشتری سعد ہو کر عمل پذیر ہوں تو تحت الشعاع کے اثرات کم ہو جاتے ہیں۔
- جس گھر یا برج میں تحت الشعاع واقع ہو اس کا مالک اگر بلذات قوی ہو تو بھی تحت الشعاع کے اثرات میں کمی واقع ہوتی ہے۔
- کوکب سے منسوب پتھر کا استعمال تحت الشعاع کے اثرات میں کمی لاتا ہے۔
- کوکب کی مناسبت سے خیر، خیرات باعث ردِ بلا ہوتی ہے۔
- جو کوکب اگر واقعی تحت الشعاع ہو تو اس سے متعلق کاموں سے بچا اور دور رہا جائے تو یہ سب سے بڑا ہتھیار ہے۔ جو تحت الشعاع کے اثرات میں تدبیری حوالے سے کمی لاتا ہے۔
- ویدک نجوم میں تحت الشعاع کواکب کے حوالے سے منتر پڑھنے اور متعلقہ دیوی دیوتا کی عبادت کو کہا جاتا ہے تاکہ اس کے اثرات میں کمی واقع ہو۔
- بطور مسلمان اس حوالے سے مختلف اسماء الحسنیٰ، قرآنی سورتوں، نقوش والواح وغیرہ سے مدد لے سکتے ہیں۔

مقصد کیونکہ تحت الشعاع کے حوالے سے تعلیم دینا بھی ہے اس لیے مندرجہ بالا سطور تحریر کی گئی۔ ان سطور کا زیرِ بحث شرفِ زحل اور تحت الشعاع سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ مقصد اِن کا یہ ہے کہ جب کبھی واقعی اس قسم کی حالت سے واسطہ پڑے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ اصلاح کی کوئی گنجائش نہیں:

یا

یہ کہ کسی فرد کے زائچہ میں کوئی کوکب تحت الشعاع ہے سو یہ فرد مر گیا یا سب کچھ ختم ہو گیا یا یہ کہ ایسے فرد کو ناکام اور بدبخت خیال کر لینا، یہ سب غلط اور بے معنی ہے۔ دنیا میں لاتعداد لوگوں کے زائچوں میں کواکب تحت الشعاع ہوتے ہیں۔ زندگی میں بڑی بڑی کامیابیاں حاصل کرنے والوں کے زائچوں میں یہ کواکبی حالت دیکھی جاسکتی ہے۔

سو تحت الشعاع اگر واقعی ہو تو بھی خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے کسی زائچہ میں کوئی اور کوکب حالت نحوست یا سعادت میں ہوتا ہے اور یہ سب کے زائچوں میں ہوسکتا ہے آپ کے بھی میرے بھی۔

عقل مند، فطرت کے اُصولوں کو سمجھ کر آگے بڑھتا ہے وہ سانپ کو دیکھ کر خود اس کی طرف نہیں جاتا۔ اس کو خطرہ کی بو آجاتی ہے اور وہ سنبھل جاتا ہے۔

مایوسی سب کچھ نہیں؟

وہ تمام افراد جو کسی بھی منفی کواکبی حالت کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں اِن کو نہ مایوس ہونا چاہیے اور نہ ہی بطور ماہر اِن کو مایوسی اور نامرادی دینی چاہیے۔ اُمید اور درست سمت میں راہنمائی دینا ہمارا کام ہے۔ حقیقت کو مدنظر رکھ کر مسئلہ کا حل دینا ہی ہمارا کام ہے نہ ہمیں زائچہ کی کسی اچھی بُری حالت سے آنکھیں بند کرنی چاہئیں نہ ہی ضرورت سے زیادہ کھولنی چاہئیں۔

لوحِ شرف زحل

زحل کے ناقص اثرات کے خاتمے کے لیے یہ لوح خاص طور پر تیار کی جاتی ہے۔ ساڑھ ستی کے لیے بھی مفید۔ جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو سمجھ لیں کہ آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ ایک کے بعد دوسرے مسئلہ کا شکار رہتے ہیں۔ ایک مصیبت سے جان چھوٹی تو دوسری میں گرفتار ہو گئے۔ مسائل اور پریشانیوں کا انبار، کاموں کا نہ ہونا، ہر مسئلہ میں رکاوٹ اور التواء اور اِن دیکھے ہاتھوں کا ہوتے کاموں کو روک دینا جیسے مسائل کے لیے اس لوح کا استعمال مفید اور موثر ثابت ہوگا۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے حد درجہ موثر ہے۔ اس کے علاوہ وہ لوگ جو بڑے پیمانے پر کاروبار کرتے ہیں، بڑے پلازے اور عمارتیں بناتے ہیں یا وہ لوگ جو اپنے کاروبار اور کاموں کو استحکام دینے کے خواہش مند ہوں اور ایک طویل عرصہ کے لیے کامیابی کے خواہاں ہوں اِن کے لیے بھی یہ لوح حد درجہ موثر ہے۔ غرضیکہ ہر وہ کام جس میں آپ غیر معمولی اور طویل عرصہ تک کامیابی چاہتے ہوں کے لیے بھی یہ لوح حاصل کر سکتے ہیں۔

دونوں حرکتیں غلط ہیں۔اس فانی دنیا کے فانی لوگوں کے زائچوں میں سب کچھ ٹھیک نہیں ہوتا۔کم وبیش ہر زائچے میں مثبت اور منفی محرکات ہمیں ملتے ہیں۔منفی حالتوں یا یوگوں کا ہونا جب کم وبیش ہر زائچے میں حقیقت ہے تو ہمیں اِن کو زندگی کے ساتھ لے کر چلنے کا وطیرہ آنا چاہیے۔کسی بھی منفی حالت، پوزیشن یا یوگ کو ہی سمجھنا ضروری نہیں ہوتا، بلکہ اس سے زیادہ سعد حالت، پوزیشن اور یوگ کو سمجھنا بھی ضروری ہوتا ہے کہ یہ حقیقت میں یہ کس امر کے مظہر ہیں۔صرف تحت الشعاع کو بھی دیگر حالتوں کی طرح ایک حالت کے طور پر لینا چاہیے، نہ کہ اس کو ناکام اور بد بخت زندگی کی حتمی علامت۔ لاتعداد کامیاب لوگوں کے زائچوں میں تحت الشعاع کوکب ملتے ہیں جو دلیل ہے اس بات کی کہ زائچہ میں کواکب کے تحت الشعاع ہونے کے باوجود زندگی میں کامیابی کا دروازہ بند نہیں ہوتا جاتا۔سو رحم کریں اُن لوگوں پر جن کے زائچوں میں ایسی کوائبی حالت ہے اِن کو خوف زدہ کر کے زندہ دفن کرنے والے حکم نہ لگائیں۔حکم لگانے سے پہلے تحت الشعاع کوکب کی موثریت کو دیکھیں کس طرح ہے اور اس کی بنیاد پر بات کریں۔

شمس کی نحوست وسعادت

شمس کی نحوست کی بات کرنے والوں کو پہلے تو یہ بات سمجھنی چاہیے کہ ہندی نجوم میں شمس کو نسبتاً نحس اور یونانی نجوم میں نسبتاً سعد کوکب کے طور پر لیا جاتا ہے۔سو جب ویدک کی بات کرتے ہیں تو شمس کو کسی اور تناظر میں پڑھیں گے اور جب یونانی کی تو شمس کو کسی اور تناظر میں لیں گے۔

کیا تحت الشعاع ہمیشہ موثر ہوتا ہے؟

ویدک نجوم جس کا بار بار حوالہ دیا جاتا ہے وہ خود اس بات کا قائل ہے کہ تحت الشعاع کا معاملہ کئی جگہ موثر اور کئی جگہ غیر موثر ہے لیکن وہ جو اس بات سے بے خبر ہوں کہ کون سا امر کب واقع اور کب غیر واقع ہوتا ہے اُن کو یہ سارا مضمون تحت الشعاع شرف زحل کے تناظر میں نہیں پڑھنا چاہیے بلکہ اس سوچ کے ساتھ بھی پڑھنا چاہیے کہ تحت الشعاع کے اثرات میں کچھ کمی بیشی ہوتی ہے یا نہیں اور کیا کوئی حالت ایسی بھی ہے جب تحت الشعاع کا نظریہ ساکت ہو جاتا ہے۔علم کا حصول کسی بھی منزل پر باعث فخر ہوتا ہے۔

حوالہ جات

انڈیا میں نجوم کی تعلیم کا ایک ادارہ ہے۔جس کا نام ہے

"Institute of Hindu Astrology"

تحت الشعاع کواکب کے بارے میں اپنے مواد میں یہ کہتا ہے۔

The power of the combust planet is very weak when it is in complete conjunction with the Sun and it is under the transit affliction. However, a combust planet in its own/exaltation sign or a sign from which it aspects its own sign does retain some power to do good.

V.K. Choudhry & K.Rajesh Chaudhary.

مندرجہ بالا سطور کا ترجمہ کچھ یوں ہوگا۔

تحت الشعاع کے حامل کوکب کی طاقت اس وقت بہت کم ہوتی ہے جب وہ شمس کے ساتھ مکمل قران کی حالت میں ہوتا ہے اور ٹرانزٹ سے منفی طور پر متاثر ہو رہا ہوتا ہے۔تاہم کوکب تحت الشعاع ہو لیکن اپنے گھر میں ہو یا شرف میں ہو یا ایسے برج میں ہو جہاں سے اپنے برج/گھر کو سعد نظر سے دیکھ رہا ہو تو اچھائی کرنے کی کچھ طاقت اپنے اندر رکھتا ہے۔

اب مندرجہ سطور کو دوبارہ غور سے پڑھیں۔اِن میں کچھ اپنے پاس سے شامل نہیں کیا۔جو اصل فقرہ ہے اس کو بھی نقل کر دیا ہے اور جو ترجمہ ہے اُردو دان لوگوں کے لیے اس کو بھی بیان کر دیا ہے۔جیسے کہ پہلے بھی تحریر کیا کہ تحت الشعاع ایک امر واقع ہے لیکن اس کو پورے طور پر سمجھنے کے بغیر اس کو خوف ناک بنا کر پیش کر دینا درست نہیں۔قابل غور بات یہ ہے کہ مندرجہ بالا سطور تحریر کرنے والے عام افراد نہیں نہ ہی یہ ہمارے نکتہ نظر کو درست ثابت کرنے کے لیے تحریر وجود میں لائی گئی ہے۔یہ لوگ وہ ہیں جو ویدک نجوم کی تعلیم دیتے ہیں اور اس بات کے قائل ہیں کہ بعض حالتوں میں تحت الشعاع اس نحوست کا حامل نہیں ہوتا جو عام طور پر اس سے منسوب کی جاتی ہے بلکہ سعادت کا حامل ہوتا ہے۔بات وہی ہے کوئی بھی نجومی حکم مکمل کوائبی حالت کے تناظر میں بیان کیا جا سکتا ہے اور مندرجہ بالا سطور سے صاف ظاہر ہے کہ یہ نحس کوائبی حالت (تحت الشعاع) کس طرح مثبت اثر یا طاقت رکھتا ہے۔ سو ہر زائچہ کی کوائبی حالت کی بنیاد پر تحت الشعاع کوکب کا جائزہ لینا اور اس کی مثبت یا منفی قوت، اس کی اچھائی یا برائی بیان کرنا ضروری ہے۔

چند نتائج

مندرجہ بالا بحث سے یہ اُصول واضح ہوتا ہے کہ مندرجہ ذیل حالتوں میں تحت الشعاع واقع نہیں ہوتا:-

-- کوکب جب حالت شرف میں ہو

-- اپنے گھر میں ہو
-- نشستی لحاظ سے سعد ناظر ہو

اس نظریہ کو جو ایک اُستاد کا، وہ بھی جو ہندی/ ویدک نجوم کی تعلیم دیتا ہے درست مانا جانا چاہیے یا نہیں؟ ادارہ راہنمائے عملیات کا موقف کیا اس سے درست ثابت نہیں ہوتا۔ تاہم یہ نہ سمجھیں بات مکمل ہوگئی متعدد دلائل ابھی آگے آپ کے منتظر ہیں سو آگے بڑھیں۔ یہ دلائل پچھلے دلائل سے زیادہ قوی ہیں زیادہ قدیم اور زیادہ واضح ہیں۔

پاراشرا

سب سے پہلے پاراشرا کو لیتے ہیں۔ یہ عظیم ہندی نجوم کا ماہر تحریر کرتا ہے کہ کوکب کی قوت جانچنے کے 18 طریقے ہیں۔ (اٹھارہ طریقے)۔ اِن اٹھارہ میں سے ایک ' صرف ایک ' تحت الشعاع ہے۔

ذیل میں متعلقہ حصہ مکمل طور پر نقل کیا جاتا ہے۔

The effects of the Dashas of each Räçi, or Grah (Nakshatr Dasha) depend on their 18 different kinds of conditions. They are deep exaltation, exaltation, dispositions on their either side, Multrikon, own, Adhimitâ, Tatkalik Mitras, neutral, enemys, Adhisatrus Räçi, deep debilitation, debilitated, or enemys Varg, own Varg, disposition in a Kendr, disposition in a Trikon, defeated in war between Grahas, **deep combustion.**

اور وہ لفظ Combustion استعمال نہیں کر رہا بلکہ Deep Combustion استعمال کر رہا ہے۔

Combust اور deep Combust میں کیا فرق ہوتا ہے؟

یہ دراصل وہی فلسفہ ہے جو پہلے تحریر کر چکا ہوں کہ تحت الشعاع (Combust) کے تین درجے ہیں۔

اول: ابتداء (قران واتصال کی ابتداء)

دوم: مکمل (عین اتصال وقران کے شروع کا وقت)

سوم: اختتام (قران واتصال کا خاتمہ)

پاراشرا دراصل یہاں پہلی اور تیسری حالت کو چھوڑ کر دوسری حالت یعنی "مکمل" کی بات کر رہا ہے۔ تکمیلی حالت معاملہ مکمل ہو رہا ہے یا ہونے کو ہے۔ کیونکہ فنی لحاظ سے بھی اول اور سوم حالت میں کواکب مکمل تحت الشعاع کی حالت میں نہیں ہوتا۔ پاراشرا کا ایک اور حوالہ بھی آگے آئے گا۔ جس میں تحت الشعاع کے ساکت ہونے، ختم ہونے اور موثر نہ ہونے کو بیان کرتا ہے۔

ولیم للی

تحت الشعاع ہونے یا ہوجانے کے حوالے سے Willim Lilly کا بھی کچھ ایسا ہی نظریہ ہے۔ جو اس کی کتاب Christian Astrology میں دیکھا جاسکتا ہے وہ کہتا ہے؛

A Planet is said to be Combust of the Sun, when in the same Sign where the Sun is in, he is not distant from the Sun eight degrees and thirty minutes, either before or after the Sun; as Jupiter in the tenth degree of Aries, and Sun in the eighteenth of Aries; here Jupiter is Combust: or let the Sun be in eighteen of Aries, and Jupiter in twenty eight degrees of Aries, here Jupiter is Combust: and you must observe a Planet is more afflicted when the Sun hastens to conjunction of him, then when the Sun recedes from him; in regard it's the body of the Sun that dos afflict. I allow the moiety of his own Orbs to show the time of Combustion, and not of Jupiter; for by that rule Jupiter should not be combust before he is within four degrees and a half of the Sun. I know many are against this opinion. Use which you find most verity in: the significator of

لوح رفع رجعت/نحوست زحل

